نبی ﷺ حجۃ الوداع کے موقع پر اونٹ پر سوار ہو کر طواف کیا اور آپ ﷺ رکن کو چھڑی کے ذریعے بوسہ دے رہے تھے

عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ "نبی ﷺ حجۃ الوداع کے موقع پر اونٹ پر سوار ہو کر طواف کیا اور آپ ﷺ رکن کا ایک چھڑی کے ذریعے بوسہ دے رہے تھے"۔

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر طواف فرمایا آپ ﷺ کے پاس بہت زیادہ لوگ جمع تھے ان میں سے کچھ تو یہ دیکھنا چاہتے تھے کہ آپ کیسے طواف کر رہے ہیں اور کچھ آپ ﷺ کی کریم ذات کو دیکھنا چاہتے تھے چنانچہ انھوں نے آپ ﷺ کے پاس بھیڑ لگا دیا اپنی امت پر کمالِ شفقت اور ان کے ساتھ مساویانہ سلوک رکھنے کے لیے آپ ﷺ ایک اونٹ پر سوار ہو گئے اور اس پر طواف کرنے لگے تاکہ لوگ یکساں طور پر آپ ﷺ کو دیکھ سکیں آپ ﷺ کے پاس ایک عصا تھا جس کا سرا مڑا ہوا تھا اور آپ ﷺ اس کے ساتھ رکن کو چھو رہے تھے اور عصا ہی کا بوسہ لے رہے تھے جیسا کہ اس حدیث کی مسلم شریف والی روایت میں ہے۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3025